فوری ریلیز کے لیے: 9/9/2022 | **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک میں نئے امریکیوں کے لیے اپنی نوعیت کا پہلا شہری قیادت پروگرام لانچ کر دیا ہے

دفتر برائے نئے امریکی باشندگان کے شہری قیادت پروگرام سے پُررونق اور خیر مقدم کرنے والی کمیونٹیز پیدا ہوں گی

گورنر Hochul نے خیرمقدمی ہفتے کو اور ریاست نیویارک میں نئے امریکیوں کی اہم شراکتوں کو منانے کے لیے اعلامیہ جاری کیا ہے

اعلامیہ یہاں پڑھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج خیرمقدمی ہفتے (9-18 ستمبر) کے ایک حصے کے طور پر ریاست نیویارک کا شہری قیادت پروگرام لانچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست نیویارک کا شہری قیادت پروگرام، ریاست نیویارک کے دفتر برائے نئے امریکی باشندگان اور خیرمقدمی امریکہ کے درمیان ایک شراکت داری ہے، جو کہ تارکین وطن کی شمولیت کا ایک معروف قومی رہنما ہے۔ شہری قیادت پروگرام اپنی نوعیت کا پہلا ریاستی قیادتی پروگرام ہے جو ریاست نیویارک میں نئے امریکیوں کی شہری قیادت کو تقویت دیتا ہے اور انہیں مقامی حکومت، اداروں اور ان کے ہمسایوں سے مربوط کرتا ہے۔ اس آزمائشی پروگرام سے اپنی کمیونٹیز میں مثبت تاثر پیدا کرنے کی خواہش کے حامل نئے امریکیوں کو قائدانہ صلاحیت پیدا کرنے اور شہری تربیت کی ورکشاپ کے سیشنز پیش کیے جائیں گے۔

"نیویارک تارکین وطن کی کئی نسلوں کی محنت اور عزم پر قائم ہے، اور ہم ان تمام لوگوں کو خوش آمدید کہتے ہیں جو ہماری ریاست میں نئی زندگی کی شروعات کرنے کے خواہاں ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست نیویارک کا شہری قیادت پروگرام - اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہے - جو نئے امریکیوں کے لیے اپنی کمیونٹیز کے ساتھ مضبوط روابط استوار کرنے میں مددگار ثابت ہو گا، انہیں وہ مدد فراہم کرے گا جس کے نتیجے میں وہ ترقی کرتی ریاست نیویارک میں اپنا کردار ادا کر سکیں اور مقامی رہنماؤں کی اگلی نسل کو پروان چڑھا سکیں۔"

گورنر Hochul نے 9-18 ستمبر 2022 کو ریاست نیویارک میں خیرمقدمی ہفتے کے طور پر تسلیم کرتے ہوئے ایک اعلامیہ جاری کیا ہے۔ خیرمقدمی ہفتے کے دوران، تنظیمیں اور کمیونٹیز تمام پس منظروں کے ہمسایوں کو ایک ساتھ اکٹھا کرتی ہیں تاکہ روابط بنائے جائیں اور مجموعی خوشحالی اور وابستگی کے حصول میں خیرمقدم کرنے والے اور جامع مقامات کی اہمیت کی توثیق کی جا سکے۔ خیرمقدمی ہفتے کی قیادت خیرمقدمی امریکہ کر رہا ہے، جو کہ کمیونٹیز کے لیے بھرپور شہری مصروفیت اور اجتماعی کردار ادا کرنے کے طریقۂ کار وضع کرنے میں مقامی رہنماؤں کی مدد کرنے میں مہارت رکھنے والا ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے۔

ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا، "ہم پوری دنیا کے لوگوں کو کھلی بازوؤں سے نیویارک میں خوش آمدید کہتے ہیں کیونکہ ہماری ریاست وابستگی اور شمولیت کا ایک احساس پیش کرتی ہے۔ اپنے قیام کے بعد سے ہی، دفتر برائے نئے امریکی باشندگان نے تارکین وطن کو کامیاب ہونے میں مدد دی ہے۔ ریاست نیویارک کا شہری قیادت پروگرام ایک اور ایسا ٹول فراہم کرتا ہے جو ہم اس بات کو باآسانی سمجھنے کے طریقے کے طور پر

تارکین وطن کو پیش کرتے ہیں کہ ہماری حکومت اور ادارے کس طرح کام کرتے ہیں، آواز کیسے اٹھائی جاتی ہے، اور دستیاب وسائل کے بارے میں معلوم کرتے ہوئے اپنی کمیونٹیز کی ضروریات کیسے پوری کی جاتی ہیں۔ یہ تمام نئے امریکیوں کو ایک ایسی اجتماعی ریاست نیویارک میں رہنے کی راہ دکھاتی ہے جسے ہم گھر کہہ سکتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Catalina Cruz نے کہا، "Hochul انتظامیہ کی جانب سے اٹھایا گیا اور دفتر برائے نئے امریکی باشندگان کی جانب سے لانچ کیا گیا یہ نیا اقدام ایک مؤثر طریقۂ کار ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تارکینِ وطن کی نئی اور ابھرتی ہوئی کمیونٹیز ہمارے ملک کے سماجی، معاشی اور سیاسی نظام کے اندر بہتر انداز میں گھل مل جائیں۔ ان کمیونٹیز میں شہری قیادت کی مہارتیں پیدا کرنا ہی تارکینِ وطن کے رچ بس جانے کی کلید ہے۔ ریاست نیویارک کا شہری قیادت پروگرام اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ ان مضبوط تر کمیونٹیز کی تعمیر میں نیویارک کس طرح قوم کی رہنمائی کر سکتا ہے جو ہمارے ملک کی مضبوط جمہوری روایات اور اداروں کو سمجھیں اور مضبوط کریں۔ نیویارک کو اپنا گھر کہنے والے تمام لوگوں کے خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لئے میں گورنر Hochul اور ریاستی سیکرٹری Rodriguez کی ان تھک محنت پر ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

خیرمقدمی امریکہ کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Rachel Peri نے کہا، "خیرمقدمی امریکہ کو اس جدید اور تاریخی سرمایہ کاری کی حمایت کرتے ہوئے ریاست نیویارک کے ساتھ شراکت داری کرنے پر فخر ہے تاکہ زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے نیویارک کے باشندے اپنی کمیونٹیز کی خدمت اور قیادت کر سکیں۔ ہم گورنر Hochul کی کوششوں کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ نیویارک کے - نئے اور پرانے - زیادہ سے زیادہ باشندے، چاہے وہ کہیں سے بھی ہوں، لیکن وہ اب ان کمیونٹیز کے شہری نظام میں حصہ لے سکیں جنھی کو وہ گھر کہتے ہیں۔"

لائف ورکس امیگرنٹ سروسز کی مینیجرJoan Odess نے کہا، "لائف ورکس کمیونٹی ایکشن کو خیرمقدمی امریکہ کے ساتھ شراکت داری والے ابتدائی شہری قیادت پروگرام میں حصہ لینے پر خوشی ہو رہی ہے۔ تارکین وطن کی خدمات کا ہمارا پروگرام علاقے کے تارکین وطن کو خوش آمدید کہنے کے لیے کام کرتا ہے، خواہ وہ ہماری کمیونٹی کے طویل مدتی ممبرز ہوں یا صحت، تعلیم، قانونی خدمات اور سماجی خدمات کے شعبوں تک رسائی میں سہولت حاصل کرتے ہوئے نووارد افراد ہوں۔ ہم ان تارکین وطن سے شہری قیادت پروگرام کی پرجوش مقبولیت کی توقع کرتے ہیں جو ہمارے علاقے میں غیر رسمی رہنما ہیں اور جنہیں اب تک کبھی بھی باضابطہ طور پر تربیت میں حصہ لینے کا موقع نہیں دیا گیا تھا تاکہ ان کے اندر پہلے سے موجود قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھایا جا سکے اور روزانہ کی بنیاد پر ان کی زندگیوں کو متاثر کرنے والے اداروں کے بارے میں خود مزید واقفیت حاصل کی جا سکے۔"

چینی امریکی منصوبہ بندی کاؤنسل پروگرام (Chinese-American Planning Council Program) کوئینز سپیشل نیڈز کی ڈائریکٹر Jacqueline Fan نے کہا، "چینی امریکی منصوبہ بندی کاؤنسل کو ریاست نیویارک دفتر برائے نئے امریکی باشندگان اور خیرمقدمی امریکہ کے ساتھ شہری قیادت پروگرام میں شراکت داری پر بہت خوشی ہے تاکہ ہماری کوئینز کمیونٹی سروسز کے مقام کے ذریعے نئے امریکیوں میں شہری قیادت کی صلاحیتوں کو مضبوط کیا جا سکے۔ ہم بالخصوص خصوصی ضروریات والے خاندانوں کے لیے، ان کی آواز کو بلند کرنے اور نیویارک کے اندر شہری کوششوں میں ان کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنے کے مقصد سے، خاص طور پر کوئینز کے رہائشیوں کی خاطر، چینی تارکین وطن کو بااختیار بنانے کے اپنے کام کو جاری رکھنے کی راہ دیکھ رہے ہیں، جہاں کے آدھے باشندے تارکین وطن ہیں اور نصف سے زیادہ انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں۔"

ایگری بزنس چائلڈ ڈویلپمنٹ کی چیف ایگزیکٹیو افسر Maggie M. Evans نے کہا "ہمیں تمام ABCD خاندانوں کو تعلیمی مواقع، سماجی، بہبود اور صحت کی خدمات فراہم کرنے پر فخر ہے۔ ABCD کی کامیابی اور حکمتِ عملی والے منصوبوں کے لیے شراکت داریاں ایک لازمی اور اٹل جزو ہیں۔ اس خیرمقدمی ہفتے کے دوران اور شہری قیادت پروگرام کے آغاز کو منانے کے لیے، ہمارے لیے یہ خوشی کا مقام ہے کہ NYS دفتر برائے نئے امریکی باشندگان اور خیرمقدمی امریکہ کے ساتھ ABCD کی شراکت داری کی اہمیت کو تسلیم کیا جائے۔ ہم اس پُرجوش موقع کے لیے گورنر Hochul کے بہت شکر گزار ہیں۔"

شہری قیادت پروگرام خیرمقدمی اور جامع کمیونٹیز کو فروغ دے گا یہ یقینی بناتے ہوئے کہ تارکین وطن اور پناہ گزینوں کی مقامی وسائل تک رسائی ہو، اپنا پیغام اجاگر کرنے اور بامعنی طور پر اپنی کمیونٹیز، اور اپنے پڑوسیوں اور اداروں کے ساتھ شریک ہونے کی خاطر انہیں مواقع سے مربوط کیا جائے - یہ سب کرنے سے ایک ایسا ماحول بنانے میں مدد ملے گی جہاں نئے امریکی ترقی کر سکیں اور وابستگی کا احساس پا سکیں۔

ریاست نیویارک کے دفتر برائے نئے امریکی باشندگان نے خیرمقدمی امریکہ کے ساتھ شراکت داری کی ہے تاکہ ورکشاپس کے لیے ایک نصاب تیار کیا جا سکے جس میں شہری قیادت پروگرام شامل ہو۔ ریاست نیویارک کے اندر کمیونٹی میں قائم شدہ تین تنظیموں کو خیرمقدمی امریکہ مسلسل تکنیکی مدد فراہم کر رہا ہے جو اس نئے شہری قیادت کے نصاب سے فائدہ اٹھائیں گی۔ خیرمقدمی امریکہ کی جانب سے، ریاست نیویارک کی کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کرنے والے، اس نصاب کی تشکیل نہ صرف ریاست میں بلکہ قومی سطح پر تارکین وطن کی شمولیت کے شعبے کے لیے ایک اہم وسیلہ ثابت ہو گی۔

کمیونٹی پر مبنی وہ تین تنظیمیں چینی امریکی منصوبہ بندی کاؤنسل، ایگری بزنس چائلڈ ڈویلپمنٹ، اور لائف ورکس ہیں جو شہری قیادت پروگرام کی ابتدا کر رہی ہیں - یہ ایجنسیاں ریاست نیویارک کے تین الگ علاقوں میں، دیہی اور شہری دونوں آبادیوں میں آزمائشی پروگرام لانچ کریں گی۔ اس موسمِ خزاں کے آخر میں نیویارک شہر، اورنج اور سراٹوگا میں خدمات فراہم کرنے والی یہ ایجنسیاں، شرکاء کو بھرتی کریں گی اور نئے نصاب کو بروئے کار لاتے ہوئے ورکشاپ سیشنز کو سہولت فراہم کریں گی۔

ONA کے منفرد Ramirez June اقدام کی کوششوں میں کردار ادا کرتے ہوئے، ایسے تارکین وطن والدین اور نگہداشت کنندگان تک خصوصی رسائی کی جائے گی جن کا بچہ معذوری کا شکار ہو۔ ملک میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا اقدام ہے جو فکری اور نشوونمائی معذوریوں (I/DD) والے نئے امریکیوں اور ان کے خاندانوں کا ریاست نیویارک میں اہم وسائل، معلومات اور خدمات سے رابطہ استوار کرتے ہوئے ان کی معاونت کرنے کے لیے ریاستی سطح پر صلاحیت پیدا کرتا ہے۔

شہری قیادت پروگرام، تارکین وطن کی آواز، شہری قیادت اور شمولیت کی حمایت کرنے کے لیے ملک بھر میں ایک ماڈل ہو گا، جبکہ نئی امریکی کمیونٹیز میں شہری اور کمیونٹی شمولیت کو مضبوط کرنے کے لیے ONA کی دیگر کوششوں کو فروغ دے گا۔

2012 میں قائم شدہ، ریاست نیویارک کا دفتر برائے نئے امریکی باشندگان، ملک میں قانونی طور پر بنایا گیا پہلا تارکینِ وطن کی خدمات کا دفتر ہے۔ ONA، کمیونٹی پر مبنی فراہم کنندگان کے ریاست گیر نیٹ ورک کے ذریعے تمام نئے امریکیوں کی مدد کرتا ہے کہ وہ مختلف قسم کی مفت خدمات اور معاونت تک رسائی حاصل کریں اور انہیں تلاش کریں۔

معاونت کے ضرورت مند کسی تارکِ وطن کے لیے، یا ONA کے پروگراموں سے رابطہ قائم کرنے کے لیے، نیو امریکنز ہاٹ لائن 1-800-566-7636 پر پیر سے جمعہ، صبح 9:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک کال کریں۔ تمام کالز خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ 200 سے زائد زبانوں میں معاونت دستیاب ہے۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں https://dos.ny.gov/office-new-americans یا ONA کو Twitter پر @NYSNewAmericans پر یا Facebook پر
https://www.facebook.com/NYSNewAmericans پر فالو کریں

###